AQF / Hamid

04-04-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

☆ لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج شام ختم ہو رہا ہے۔

☆ وزیراعظم اور بی جے پی کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی آج جموئی سے بہار میں لوک سبھا انتخابات کیلئے باضابطہ طور پر NDA کی چناوٴ مہم کا آغاز کرنے والے ہیں۔

☆ قومی سلامتی کے مشیر اجیت دوبھال نے دہشت گردی سے نمٹنے میں دوہرا معیار اپنانے کا سلسلہ ترک کیے جانے پر زور دیا ہے۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے چار دن کے دوران ملک کے کچھ مشرقی حصوں اور جزیرہ نما بھارت میں تیز گرمی کی پیش گوئی کی ہے۔

☆ اور آئی پی ایل کرکٹ میں، وشاکھا پٹنم میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے ڈیلی کیپٹلز کو 106 رن سے ہرادیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

## 2nd PHASE NOMINATIONS

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج ختم ہو رہا ہے۔ اس مرحلے کے تحت، 12 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں لوک سبھا کی 88 سیٹوں کے ساتھ ساتھ باہری منی پور لوک سبھا حلقے کے باقی حصوں کیلئے ووٹ ڈالے جائیں گے۔ باہری منی پور حلقے کے کچھ حصوں میں پہلے مرحلے میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ کیرالہ کی 20، کرناٹک کی 14، راجستھان کی 13، اترپردیش اور مہاراشٹر کی 8-8، مدھیہ پردیش کی 7، آسام اور بہار کی 5-5، مغربی بنگال اور چھتیس گڑھ کی 3-3 اور منی پور، تریپورہ اور جموں وکشمیر کی ایک ایک سیٹ پر دوسرے مرحلے کے تحت ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اس مرحلے کے تحت ووٹنگ 26 اپریل کو ہوگی۔

جموں و کشمیر کو چھوڑ کر سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کا عمل کل منعقد کیا جائے گا، جہاں ہفتے کے روز کاغذات کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔×

**PM BIHAR RALLY**

وزیراعظم اور بی جے پی کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی آج جموئی سے بہار میں لوک سبھا انتخابات کیلئے NDA کی چناؤ مہم کا باضابطہ طور پر آغاز کریں گے۔ وہ جموئی ضلعے کے کھیڑا بلاک میں Ballopur کے مقام پر ایک جلسۂ عام سے خطاب کریں گے۔ NDA کی اتحادی پارٹیوں میں سیٹوں کی حصے داری کے اعلان کے بعد سے بہار میں جناب مودی کا یہ پہلا سیاسی جلسہ ہوگا۔

ریاست کے وزیراعلیٰ اور جے ڈی یو کے صدر، نتیش کمار، بی جے پی، لوک جن شکتی پارٹی رام ولاس، سابق وزیراعلیٰ جیتن رام مانجھی کے ہندوستانی عوام مورچہ اور اپیندر کشواہا کی سربراہی والے راشٹریہ لوک مورچہ کے لیڈر بھی اِس جلسے میں شرکت کریں گے۔ چراغ پاسوان کی زیر قیادت لوک جن شکتی پارٹی رام ولاس لگاتار تیسری مرتبہ جموئی سیٹ سے چناؤ لڑ رہی ہے۔ لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے میں اِس مہینے کی 19 تاریخ کو جموئی لوک سبھا حلقے کے ساتھ ساتھ گیا، اورنگ آباد اور نوادہ میں بھی پولنگ ہوگی۔ x

**KARNATKA-ANURAG**

اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر اور BJP کے سینئر لیڈر انوراگ سنگھ ٹھاکر آج بینگلورو کا دورہ کر رہے ہیں۔ جناب ٹھاکر آج بینگلور ساؤتھ حلقے سے BJP امیدوار تیجسوی سوریہ کے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کے دوران اُن کے ہمراہ ہوں گے۔ تیجسوی سوریہ اس حلقے سے موجودہ ممبر پارلیمنٹ ہیں اور دوسری مرتبہ اس سیٹ سے چناؤ لڑ رہے ہیں۔×

**CONGRESS SANJAY EXPELLED**

کانگریس پارٹی نے سابق ممبر پارلیمنٹ سنجے نروپم کو ضابطہ شکنی اور پارٹی کے خلاف بیانات کی بنا پر 6 سال کیلئے پارٹی سے نکال دیا ہے۔ ایک اخباری بیان میں کانگریس کے جنرل سکریٹری کے سی وینو گوپال نے کہا کہ پارٹی صدر ملکارجن کھڑگے نے ضابطہ شکنی اور پارٹی مخالف بیانات کی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے جناب سنجے نروپم کو پارٹی سے نکال دیا ہے۔x

**BASTAR-PROFILE**

لوک سبھا انتخابات کے دوران ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کے اہم پارلیمانی حلقوں کی صورتحال کا احاطہ کرنے

کی سیریز کے تحت آج ہم چھتیس گڑھ کے بستر لوک سبھا حلقے پر ایک رپورٹ پیش کر رہے ہیں۔ اس لوک سبھا حلقے میں اس مہینے کی 19 تاریخ کو پہلے مرحلے کے تحت ووٹنگ ہوگی۔ یہ لوک سبھا حلقہ قبائلیوں کی اکثریت کے علاوہ ماؤنوازوں کے مسئلے سے بھی دوچار ہے۔

پیش ہے اس سلسلے میں رائے پور سے ہمارے نامہ نگار کی ایک رپورٹ۔ **V-C Vikalp Shukla**

*چھتیس گڑھ میں بستر پارلیمانی حلقہ درج فہرست قبائل کیلئے محفوظ ہے۔ ووٹروں کی تعداد 14 لاکھ 72 ہزار سے کچھ زیادہ ہے۔ اس لوک سبھا حلقہ میں خاتون ووٹروں کی تعداد مردوں سے زیادہ ہے۔ یہاں تقریباً سات لاکھ 71 ہزار خاتون ووٹرز اور سات لاکھ مرد ووٹرز ہیں۔ 8 آسمبلی حلقوں پر مشتمل بستر لوک سبھا حلقے سے گیارہ امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ بھارتی جنتاپارٹی نے یہاں سے مہیش کشیپ کو جبکہ کانگریس نے سابق وزیر اور سکما سے ایم ایل اے **Kawasi Lakhma** کو میدان میں اتارا ہے۔ انتخابی کمیشن مختلف اقدامات کے ذریعہ لوک سبھا انتخابات کے منصفانہ اور پرامن انعقاد کو یقینی بنانے کی کوششیں کر رہا ہے۔*

*رائے پور سے وکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......*

**J.P.NADDA**

بی جے پی صدر جے پی نڈا آج سے اتراکھنڈ کے دو دن کے دورے پر رہیں گے تاکہ پارٹی کی چناؤ مہم کو تقویت مل سکے اور رائے دہندگان کی حمایت حاصل کی جاسکے۔ جناب نڈا اپنے دورے کے پہلے دن **Tehri** سیٹ پر وکاس نگر اور الموڑہ حلقے میں **Pithoragarh** کے مقام پر بی جے پی امیدواروں کی حمایت میں جلسوں سے خطاب کریں گے۔ اتراکھنڈ کی پانچوں لوک سبھا سیٹوں کیلئے پولنگ پہلے مرحلے میں اِس مہینے کی 19 تاریخ کو ہوگی۔ 55 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔x

**EC LAW & ORDER**

انتخابی کمیشن نے سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے چیف سکریٹری صاحبان اور پولیس کے ڈائریکٹر جنرل صاحبان کو ہدایت کی ہے کہ وہ غیر قانونی شراب، نقد رقم، منشیات، ہتھیاروں اور مفت تقسیم کی جانے والی اشیاء کی آمد پر روک لگانے کی غرض سے، بین ریاستی اور بین الاقوامی سرحدوں پر سخت چوکسی رکھیں۔ کمیشن نے انہیں 2024 کے عام انتخابات پُرامن، منصفانہ اور شفاف طور پر منعقد کرانے کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت دی ہے۔

انتخابی کمیشن نے کل نئی دلّی میں سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے عہدیداران کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کی تھی، جس میں امن و قانون کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔

اس موقع پر اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیوکمار نے انتخابی عمل کی سالمیت کو برقرار رکھنے اور یکساں مواقع فراہم کئے جانے کو یقینی بنانے کیلئے سبھی متعلقہ فریقوں سے مل کر کام کرنے کیلئے کہا۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**DOVAL SCO**

قومی سلامتی کے مشیر اجیت دوبھال نے دہشت گردی کی لعنت سے نمٹنے میں دوہرا معیار اپنانے کا سلسلہ ترک کیے جانے پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرحد پار سے دہشت گردانہ سرگرمیوں میں ملوث عناصر سمیت دہشت گردی کیلئے قصوروار عناصر سے موثر طور پر تیزی کے ساتھ نمٹا جانا چاہیے۔ جناب اجیت دوبھال قزاخستان کے شہر آستانہ میں شنگھائی تعاون تنظیم کے سکیورٹی Conclave سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے دہشت گردانہ سرگرمیوں کو شہ دینے والوں، سرمایہ فراہم کرنے والوں اور اِس میں مدد کرنے والوں کو جوابدہ بنائے جانے کی ضرورت اجاگر کی۔

جناب دوبھال نے شنگھائی تعاون تنظیم کے دائرے میں آنے والے خطے میں مختلف دہشت گرد گروپوں سے لاحق خطرے کا معاملہ بھی اٹھایا، جن میں لشکر طیبہ، جیش محمد، القاعدہ اور اُس سے وابستہ تنظیمیں اور داعش جیسے وہ گروپ بھی شامل ہیں جنہیں اقوام متحدہ سلامتی کونسل دہشت گرد گروپ قرار دے چکی ہے۔ قومی سلامتی کے مشیر اجیت دوبھال نے پچھلے مہینے کی 22 تاریخ کو ماسکو کے Crocus City Hall پر وحشیانہ دہشت گرد حملے کی سخت مذمت بھی کی۔ x

**AUSTRALIA NAVY-INDIA**

رائل آسٹریلین بحریہ کے سربراہ وائس ایڈمرل Mark Hammond اور بھارتی بحریہ کے سربراہ ایڈمرل آر ہری کمار نے کل نئی دلّی میں باہمی بحری تعاون کو مستحکم کرنے پر بات چیت کی، جس میں کارروائیوں سے متعلق سرگرمیوں کو بڑھائے جانے اور تربیت کے تبادلے شامل ہیں۔ اپنے پانچ روزہ دورے کے دوران Mark Hammond کوچی میں واقع بھارتی بحریہ کی جنوبی بحری کمان اور ممبئی میں واقع مغربی بحری کمان کا دورہ کریں گے۔ وزارت دفاع نے کہا ہے کہ بھارت اور آسٹریلیا کا بھارت بحرالکاہل میں مختلف عصری بحری سکیورٹی معاملات کے تعلق سے یکساں نقطہ نظر ہے۔×

**SOMALIA PIRATES**

ممبئی پولیس نے کل صومالیہ کے 9 بحری قزاقوں کو گرفتار کیا ہے۔ بھارتیہ بحریہ نے حال ہی میں مچھلی پکڑنے والے ایرانی

بحری جہاز FV AL- Kambar کو مبینہ طور پر اغوا کرنے کی پاداش میں انہیں ہتھیار ڈالنے پر مجبور کردیا تھا۔ ان غیر ملکی شہریوں کو کل ممبئی لایا گیا اور پولیس کے حوالے کردیا گیا۔ پچھلے جمعہ کو بحریہ کے اہلکاروں کو قزاقی کے ممکنہ واقعہ کے بارے میں اطلاع ملی تھی، جس کے بعد بحیرہ عرب میں INS Sumedha اور INS Trishul کو تعینات کیا گیا۔ سخت اقدامات کے بعد اغوا شدہ FV پر سوار قزاقوں کو ہتھیار ڈالنے پر مجبور کردیا گیا۔×

**PREZ MUMBAI VISIT**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو IIT باممبے میں Cart - Sell تھراپی کو ملک کے نام وقف کرنے کیلئے آج ممبئی کا دورہ کریں گی۔ Cart - Sell تھراپی کا استعمال کینسر کے مریضوں کے علاج میں کیا جاتا ہے اور اسے بھارت میں IIT-Bombay-Incubated Company Immunoadoptive Cell Therapy نے فروغ دیا ہے۔ اس تھراپی کو IIT باممبے اور ٹاٹا میموریل سینٹر کے درمیان شراکت پر مبنی کوششوں سے فروغ دیا گیا ہے۔×

**GOVT MEDICINE**

سرکار نے میڈیا کی ان اطلاعات کو غلط اور گمراہ کن قرار دیا ہے جن میں دواؤں کی قیمتوں میں بہت زیادہ اضافہ ہونے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ مرکزی وزارت صحت نے کہاہے کہ اِن اطلاعات میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ قیمتیں بڑھنے سے 500 سے زیادہ دواؤں پر اثر پڑے گا۔ وزارت نے کہا ہے کہ اِس طرح کی اطلاعات بالکل غلط، گمراہ کن اور شرانگیز ہیں۔

وزارت نے کہاہے کہ دوا سازی سے متعلق محکمے کے تحت دواؤں کی قیمت طے کرنے والی قومی اتھارٹی تھوک قیمتوں کے اشاریے کی بنیاد پر ہر سال Scheduled دواؤں کی زیادہ سے زیادہ قیمت پر نظرثانی کرتی ہے۔ وزارت کے مطابق 782 دواؤں کیلئے قیمتوں کی موجودہ حد میں کوئی تبدیلی نہیں کی جارہی ہے جبکہ 54 دواؤں کی قیمتوں میں صرف ایک پیسے کا اضافہ کیا جائے گا۔ x

**SAINIK SCHOOLS**

وزارت دفاع نے میڈیا کی اِن اطلاعات کو مسترد کردیا ہے کہ نئے سینک اسکول اداروں کی سیاسی یا نظریاتی وابستگی کی بنیاد پر انہیں الاٹ کیے جارہے ہیں۔ وزارت نے کہاہے کہ اِس طرح کا بیان بے بنیاد ہے۔ وزارت نے کہاہے کہ موجودہ 33 سینک اسکولوں کی نمایاں کامیابی کو دیکھتے ہوئے ملک میں اضافی اسکولوں کی مانگ لگاتار کی جاتی رہی ہے۔

وزارت نے مزید کہاہے کہ ملک کے نوجوانوں کو سینک اسکول کی طرز پر پڑھائی کا فائدہ پہنچانے کے نظریے سے پہلے مرحلے میں سرکار نے پورے ملک میں 100 اسکول قائم کرنے کی اسکیم شروع کی ہے۔ دفاع کی وزارت نے یہ بھی

کہاہے کہ نئے سینک اسکولوں سے متعلق اسکیم پر پوری طرح غورو فکر کیا گیا ہے، انتخاب کے عمل پر بھی پوری سختی برتی جاتی ہے اور مستحق طلبا کو مالی امداد فراہم کرنے کی خاطر معقول ترغیبات فراہم کی جاتی ہیں۔ دفاع کی وزارت نے مزید کہاہے کہ درخواست گزار ادارے کی سیاسی یا نظریاتی وابستگی یا کوئی اور پہلو انتخاب کے عمل پر اثر انداز نہیں ہوسکتا۔ x

**TAIWAN PREZ GRATITUDE**

تائیوان کے سبکدوش ہونے والے صدر Tsai Ing-Weng نے وہاں سات اعشاریہ چار شدت کا شدید زلزلہ آنے کے تناظر میں وزیراعظم نریندر مودی کی یگانگت کے تئیں تشکر کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر تائیوان کے صدر نے کہا کہ جناب مودی کی یگانگت، تائیوان کے عوام کیلئے بہت اہمیت رکھتی ہے کیونکہ وہ تیزی کے ساتھ بحالی کی سمت کام کر رہے ہیں۔ اِدھر تائیوان کے نئے منتخب صدر Lai Ching-Te نے بھی یہ کہتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیا ہے کہ جناب مودی کی یگانگت سے تائیوان کے عوام کو تقویت ملے گی۔

اِس سے پہلے جناب مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر تائیوان میں زلزلے کی وجہ سے لوگوں کی اموات پر رنج و غم کا اظہار کیا تھا۔ تائیوان کے مشرقی ساحلی علاقوں میں کل صبح شدید زلزلہ آنے سے کم از کم 9 افراد کی موت ہوگئی تھی جبکہ 900 سے زیادہ لوگ زخمی ہوئے ہیں۔ خطے میں سُنامی وارننگ جاری کی گئی تھی۔ x

**J&K VAISHNO**

جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کل جموں کے راج بھون میں شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ کی 72ویں میٹنگ کی صدارت کی۔ اِس میں مختلف سابقہ فیصلوں کی پیش رفت اور ترقیاتی اقدامات پر کارروائی کا جائزہ لیا گیا۔ جناب سنہا نے موجودہ کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے یاتریوں کی سہولت کیلئے تمام پروجیکٹوں کو بروقت مکمل کیے جانے پر زور دیا۔ x

**HEALTH HEATWAVE**

مرکزی وزیرصحت ڈاکٹر من سکھ مانڈویا نے موسم سرما میں گرمی سے ہونے والی بیماریوں کی روک تھام سے متعلق تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے کل ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ زمینی سطح پر مناسب اعداد وشمار کی کمی اُجاگر کرتے ہوئے ڈاکٹر مانڈویا نے ریاستوں سے حاصل جانکاری کے ساتھ مرکزی ڈیٹا بیس تشکیل دیئے جانے کی اہمیت کو اجاگر کیا، تاکہ اموات اور کیسز سمیت گرمی کی لہر کے تعلق سے زمینی سطح کے اعداد وشمار کو مشترک کیا جاسکے۔

اس طرح صورتحال کا حقیقی جائزہ لیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے ریاستوں میں آئی ایم ڈی سے چوکسی برتے جانے کی

اپیل کے فوراً بعد بر وقت کارروائی کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا۔ بعد میں نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر مانڈویا نے کہا کہ کسان، تعمیراتی کام کرنے والے ورکرس اور دیگر افراد اور انتخابی ڈیوٹیز پر تعینات انتخابی مہم میں مصروف کارکنان سمیت سبھی کو صلاح دی گئی ہے کہ وہ شدید گرمی اور لُو کے اثر سے محفوظ رہنے کیلئے خاطر خواہ مقدار میں پانی پیئیں۔ ×

## IMD HEAT WAVE CANDITION

بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے چار دن کے دوران ملک کے کچھ مشرقی حصوں اور جزیرہ نما بھارت میں تیز گرمی کی پیش گوئی کی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V/C**

*کرناٹک کے شمالی اندرونی علاقوں، اڈیشہ، گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال، جھارکھنڈ، تلنگانہ اور ساحلی آندھرا پردیش میں گرمی کا زور جاری رہنے کا امکان ہے۔ بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے تین دن کے دوران مشرقی بھارت کے کئی حصوں میں دن کا ٹمپریچر رفتہ رفتہ دو سے تین ڈگری سیلسیس تک بڑھنے کا امکان ہے۔ دوسری طرف شمال مشرقی بھارت میں بارش کا سلسلہ اتوار تک جاری رہنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ موسمیات محکمے کے مطابق اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں کہیں ہلکی اور کہیں اوسط بارش ہوسکتی ہے۔*

*خبرنامے کیلئے دلّی سے میں شمیم عرفان*

## IPL-CRICKET

آئی پی ایل کرکٹ میں کل شام وشاکھا پٹنم میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے ڈیلی کیپٹلز کو 106 رن سے کراری شکست دی۔ ڈیلی کیپٹلز کو 273 رن کا نشانہ ملا تھا، لیکن اُس کی پوری ٹیم 17 اوورس اور دو گیندوں میں صرف 166 رن بناکر آؤٹ ہوگئی۔ اِس سے پہلے کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے ٹاس جیت کر بلے بازی کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورس میں 7 وکٹ پر 272 رن کا بڑا اسکور بنایا، جو آئی پی ایل کی تاریخ میں دوسرا سب سے بڑا اسکور ہے۔ کولکاتہ کی ٹیم کی طرف سے سنیل نرائن نے محض 39 گیندوں پر تیز رفتار 85 رن اسکور کیے جبکہ Angkrish رگھونشی نے 27 گیندوں پر 54 رن بنائے۔ سنیل نرائن کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

آج احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنس کا مقابلہ پنجاب کنگس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ x

**TABLE TENNIS WTT**

ٹیبل ٹینس میں WTT Feeder Varazdin ٹورنامنٹ آج کروشیا میں شروع ہو رہا ہے۔ اِس میں ساتھیان گناناشیکھرن اور Manika Batra جیسے سرکردہ بھارتی کھلاڑی بھی حصہ لے رہے ہیں۔

مردوں کے سنگلز کے دیگر بھارتی کھلاڑیوں میں Payas Jain اور ہرمیت دیسائی بھی شامل ہیں جبکہ خواتین سنگلز زمرے میں کھیلنے والی دیگر کھلاڑیوں میں Reeth Tennison اور Yashaswini Ghorpade شامل ہیں۔ x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... فہیم احمد

شکریہ - شبانہ رحمان

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

بیشتر اخبارات نے سابق وزیراعظم منموہن سنگھ سمیت 54 راجیہ سبھا ارکان پارلیمنٹ کی مدت کار ختم ہونے اور چیئرمین کے ذریعہ 12 ممبران کو حلف دلائے جانے کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ اخبار ملاپ اور روزنامہ راشٹریہ سہارا نے تائیوان میں آئے بھیانک زلزلے سے متعلق خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ ملاپ کی سرخی ہے: تائیوان میں سات اعشاریہ چار کی شدت کا زلزلہ، 9 افراد ہلاک۔

اخبارات نے پرامن لوک سبھا انتخابات کیلئے الیکشن کمیشن کے ذریعہ پولیس اور قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں کی میٹنگ طلب کئے جانے کی خبر کو اہمیت دی ہے۔ اخبار ہندوستان ایکسپریس کی ایک سرخی ہے: دہلی ہائی کورٹ نے گرفتاری کو چیلنج کرنے والی کجریوال کی عرضی پر اپنا فیصلہ محفوظ رکھا۔

مہاراشٹر میں آتش زدگی، ایک ہی خاندان کے سات افراد ہلاک، اس خبر کو اخبار انقلاب سمیت دیگر اخباروں نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اخبار پرتاپ نے صحت وخاندانی بہبود کی مرکزی وزارت کی طرف سے دی گئی اس وضاحت کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے کہ دواؤں کی قیمتیں نہیں بڑھیں گی۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں :

☆ سوڈان میں متحدہ عرب امارات کے تین چینلز کی نشریات پر روک۔

☆ غزہ میں کارکنوں کی ہلاکت پر جوبائیڈن کی سخت تنقید۔

☆ شمالی کوریا نے ہائپرسونک میزائل کا کامیاب تجربہ کیا۔

☆ ایک جسم والی جڑواں بہنوں میں سے ایک کی شادی۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

☆ لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج شام ختم ہو رہا ہے۔

☆ وزیراعظم اور بی جے پی کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی آج جموئی سے بہار میں لوک سبھا انتخابات کیلئے باضابطہ طور پر **NDA** کی چناؤ مہم کا آغاز کرنے والے ہیں۔

☆ قومی سلامتی کے مشیر اجیت دوبھال نے دہشت گردی سے نمٹنے میں دوہرا معیار اپنانے کا سلسلہ ترک کیے جانے پر زور دیا ہے۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے چار دن کے دوران ملک کے کچھ مشرقی حصوں اور جزیرہ نما بھارت میں تیز گرمی کی پیش گوئی کی ہے۔

☆ اور آئی پی ایل کرکٹ میں، وشاکھا پٹنم میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے ڈیلی کیپیٹلز کو **106** رن سے ہرادیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

--------------------------------------